سوال

(13) کیا مصر کی تعریف اکثر قریہ پر صادق آتی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا مصر کی تعریف اکثر قریہ پر صادق آتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں آتی ہے درمختار ص ۸۳۵ میں ہے: المصر وھو لایسع اکبر مساجدہ اھلہ المکلفین بھا ھذا اختیار الثلجی وعلیہ فتوی اکثر الفقہاء لظھور التوانی فی الاحکام وھو یصدق علی کثیر من القریٰمصر وہ ہے کہ جس کے بڑی مسجدوں میں وہاں کے مرد عاقل بالغ نہ سما سکیں۔ اس کو ثلجی نے اختیار کیا ہے اور اس پر بہت فقہا کا فتویٰ ہے۔ چونکہ احکام شرعیہ میں سستی آگئی اور یہ صادق آتا ہے بہتیرے دیہاتوں پر۔

مولانا عبدالغفور رمضان پوری بہاری

(فتاویٰ مفید الاحناف ص ۱۰)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04 ص 56

محدث فتویٰ